## پری اسکول خاص تعلیم کلیدی اصطلاحات اور تخفیفات

**سہولیات:** وہ آلہ کار اور طریق کار جو معذوری کے حامل طلبا کو تعلیم اور تشخیص تک مساوی رسائی فراہم کرتے ہیں۔ معذوری کے حامل طلبا کے لیے "معیارات کو یکساں بنانا" میں عموماً سہولیات کو مندرجہ ذیل درجوں میں گروہ بند کیا جاتا ہے۔

- پیشکش (ہدایات کو دہرانا)؛
- جواب دینا (مثلاً بولنے کے بجائے اشارہ کرنا وغیرہ)؛
- اوقات / نظام الاوقات (مثلاً توسیعی وقت، اکثر وقفے وغیرہ)؛
- ماحول (مثلاً خاص روشنی، ترجیحی نشست وغیرہ)۔

**سالانہ اہداف** انفرادی تعلیم منصوبے (IEP) میں وہ تحریری اہداف جو یہ وضاحت کرتے ہیں کہ بچے کو ایک سال کے دوران معذوری کے متعلقہ شعبہ (شعبوں) میں کیا سیکھنے کی توقع کی جاتی ہے۔

**سالانہ جائزہ:** طالب علم کی خاص تعلیم کی ان خدمات اور پیش رفت کا جائزہ جن کو کم سے کم سال ایک مرتبہ IEP کے ایک اجلاس میں مکمل کیا جانا چاہیئے۔ خاص تعلیم پروگراموں یا خدمات میں تبدیلیوں کی تجویز اس وقت کی جا سکتی ہے اور نہیں بھی کی جا سکتی ہے۔ پری اسکول طلبا کے لیے، اس کاروائی کو کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم (CPSE) کے ذریعے کی جاتا ہے۔

**امدادی ٹیکنالوجی آلات اور / یا خدمات** امدادی ٹکنالوجی کوئی بھی ساز و سامان، اشیا یا نظام ہے جس کو معذوری کے حامل بچے کی فعالی قابلیتوں بڑھانے، برقرار رکھنے یا بہتر بنانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ (مثلاً ابلاغی آلہ، ایف ایم یونٹ، کمپیوٹر تک رسائی)۔ امدادی ٹکنالوجی خدمات کوئی بھی ایسی خدمت ہے جو معذوری کے حامل بچے کو ایک امدادی ٹکنالوجی کے آلے کو منتخب، حاصل، یا استعمال کرنے میں براہ رست مدد کرے۔ آپ کے بچے کے لیے درکار کسی بھی امدادی ٹکنالوجی یا خدمات کو اس کے IEP میں درج کیا جانا لازمی ہے۔

**طرزِعمل مداخلتی منصوبہ (BIP):** فعالی طرز عمل تشخیص (FBA) کی بنیاد پر ایک منصوبہ جو طرز عمل کے مسئلے سے خطاب کرے جس میں کم سے کم طرز عمل کی وضاحت، عام یا مخصوص قیاس کہ برا طرز عمل کیوں اختیار کیا جاتا ہے اور ایسی مداخلتی حکمت عملیاں شامل ہوں جن میں مثبت طرز عمل کی اعانت، حکمت عملیاں اور امداد، پروگرام میں تجدیدات، اور اضافی مدد اور ایسی خدمات شامل ہوں جو طرز عمل کے مسئلے سے خطاب کرنے کے لیے درکار ہیں۔

**کمیٹی برائے پری اسکول خاص تعلیم (CPSE)**تین سے پانچ سال تک کے پری اسکول بچوں کی خاص تعلیم طریق کار کی ہم آہنگی کے لیے CPSE ذمہ دار ہے۔ CPSE ضلع میں رہائش پذیر اہل خانہ کو خدمات فراہم کرتی ہیں، اس بات کے قطع نظر کہ ان کے بچے پری اسکول کی خدمات کہاں موصول کرتے ہیں۔ شہر کے مختلف علاقوں میں 10 CPSE ہیں۔ ہر ایک CPSE ایک بڑی کمیٹی برائے خاص تعلیم (CSE) کا حصہ ہوتی ہے۔ دفتر کا چیئر پرسن اس کی نگرانی کرتا ہے، بشمول اس میں CPSE کے۔ CPSE سے رابطہ کرنے کی معلومات کو ذیل پر پایا جا سکتا ہے http://schools.nyc.gov/Academics/SpecialEducation/ContactsResources/cse.htm

**اجازت:** اجازت کے لیے وہ "معلومات" فراہم کرنا لازمی ہیں جس کو حاصل کرنے کے لیے صرف والدین کے دستخط کافی نہیں ہیں۔ IEP ٹیم کے لیے معلومات فراہم کر کے اجازت حاصل کرنے کے اقدامات ذیل میں ہیں:

- والدین کو ان کی ترجیح دی جانے والی زبان یا ابلاغ کے دیگر طریقوں سے ان متعلقہ سرگرمیوں کے بارے میں مکمل طور پر آگاہ کیا جانا لازمی ہے جس کے لیے اجازت مانگی جا رہی ہے۔ اس کے علاوہ، والدین کو بچے کی ان معلومات سے مطلع کرنا لازمی ہے جن کو افشا کیا جائے گا اور ان کو کس پر افشا کیا جائے گا۔ اس میں ان معلومات کی فراہمی شامل ہونی چاہیئے کہ کیسا امتحان لیا جائے گا، اگر کوئی ہے، اور امتحان کس جگہ پر لیا جائے گا۔
- والدین کے لیے ان سرگرمیوں کو سمجھنا اور تحریر میں ان سے متفق ہونا لازمی ہے جن کے لیے اجازت مانگی جا رہی ہے؛ اور
- والدین کو اس بات سے آگاہ کرنا لازمی ہے کہ اجازت رضاکارانہ ہے اور اس کو کسی بھی وقت واپس لیا جا سکتا ہے۔ البتہ، اگر اجازت واپس لے لی جاتی ہے تو یہ سابقہ طور پر کی گئی کاروائی کے لیے کارآمد نہیں ہو گی، اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ کسی بھی ایسے عمل کی نفی نہیں کرتا ہے جس کو اجازت دینے کے بعد کیا گیا تھا۔

**درجہ بندی ختم کرنا:** ایک IEP ٹیم کا فیصلہ کہ طالب علم کو خاص تعلیم خدمات کی مزید ضرورت نہیں ہے۔

**باضابطہ کاروائی:** قانونی دفع جو حوالے دینے، تشخیصات، اور تقرری کی کاروائی کے دوران والدین، طلباء اور محکمئہ تعلیم کے حقوق کے تحفظ کی ضمانت دیتی ہے۔

**ابتدائی مداخلت (EI):** ابتدائی مداخلت (EI) پروگرام، نیو یارک شہر محکمئہ صحت کے تحت، پیدائشی تا تین سال کی عمر کے معذوری کے حامل یا نشو و نما میں تاخیر کے حامل بچوں کے اہل خانہ کی معاونت کرتی ہے۔

**اہلیت:** ایک پری اسکول بچے کو خاص تعلیم خدمات کے لیے اس وقت اہل پایا جائے گا اگر دہنی، لسانی اور ابلاغ، سیکھنے، سماجی- جذباتی یا حرکت کرنے کے فعالی شعبوں میں نمایاں تاخیر پائی جاتی ہے یا بچہ ضابطے کے مطابق قائم کیے گئے دیگر دائرہ کار پر پورا اترتا ہو۔ اگر اہل پایا جاتا ہے تو بچے کو اس کے IEP میں اس کی درجہ بندی بطور "پری اسکول معذوری کے حامل" بچے کے کی جائے گی۔

**مفت مناسب پبلک تعلیم (FAPE):** خاص تعلیم پروگرام اور متعلقہ خدمات جن کو سرکاری اخراجات پر، عوام کی نگرانی اور ہدایات پر پیش کیا جاتا ہے یہ والدین کے لیے مفت ہیں۔

**تفاعلی طرزِ عمل تشخیص (FBA):** فعالی طرزِ عمل تشخیص (FBA) ایک ایسی تشخیص ہے جس کے ذریعے یہ تعین کیا جاتا ہے طالبِ علم ایسے طرزِ عمل کیوں اختیار کرتا ہے ہوا جس کی وجہ سے تعلیم میں خلل پڑا اور ماحول طالب علم کے طرزِ عمل ماحول کس طرح وابستہ ہے۔

**صحتیاتی خدمات:** اس قسم کی متعلقہ خدمات جو ان طلبا کو فراہم کی جاتی ہیں جن نشان دہی بطور طبی اور /یا ضروریات کے حامل ان طلبا کے کی گئی ہے جن کو اسکولی دن کے دوران ایک نرس یا طبی معاون پیشہ ور کی مدد درکار ہوتی ہے۔ ان خدمات کی مثالوں میں کھانا کھلانا، چلنے پھرنے میں مدد، انجذاب اور مثانہ میں کیتھیٹر کا دخول شامل ہو سکتے ہیں۔

**سماعتی تعلیمی خدمات:** خدمات کو موثر زبان/اظہار کرنے کے ابلاغ کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے گویائی، مطالعے کی تعلیم، سماعت کی تربیت، اور لسانی فروغ فراہم کرنے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔

**انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP)** ہر بچے کی مخصوص ضروریات کے لیے معقول خاص تعلیم پروگرام اور خدمات فراہم کرنے کے لیے IEP بچے کی خاص تعلیم خدمات کی اہلیت کو قلم بند کرتا ہے اور اسکولی نظام کے منصوبے کو باضابطہ بناتا ہے۔ یہ بچے کے بارے میں اور ان کی ضروریات کی تکمیل کرنے کے لیے تشکیل دیئے جانے والے تعلیمی پروگرام کے بارے میں مخصوص معلومات پر مشتمل ہوتا ہے۔ بشمول ذیل کے:

- اسکول میں آپ کے بچے کی موجودہ پیش رفت اور ایسے اہداف جو تعلیمی سال کے دوران معقول انداز میں حاصل کیے جا سکیں؛
- خاص تعلیم اور متعلقہ خدمات میں مشاورت، گویائی، ذہنی یا جسمانی معالجہ؛ معاون پیشہ ور معاونت؛ امدادی ٹکنالوجی؛ طرز عمل کی مداخلت اور تجدیدات شامل ہیں؛
- غیر معذور بچوں کے ساتھ اور / یا عام مواقع میں شمولیت؛
- خدمات کے آغاز کی تاریخ، یہ کتنے تواتر سے فراہم کی جائیں گی، یہ کہاں فراہم کی جائیں گی اور کتنے عرصے کے لیے؛

- بچے کی پیش رفت کی پیمائش کرنے کا طریقہ۔

**معذوری کے حامل افراد کی تعلیم کو بہتر بنانے کا ایکٹ (IDEIA):** ایک ایسا وفاقی قانون جو معذوری کے حامل طلبا کو 3 سال سے لے کر طالب علم کے 21 سال کا ہو جانے تک کم سے کم پابندی کے ماحول میں مفت معقول پبلک تعلیم (FAPE) موصول کرنے کا حق دیتا ہے۔

**کم سے کم پابندی کا ماحول (LRE):** کا مطلب ہے کہ معذوری کے حامل طلبا کو جس حد تک ممکن ہو ان کے غیر معذور ہمسروں کے ساتھ تعلیم دی جانی چاہیئے۔ اس کا مطلب ہے کہ معذوری کے حامل طلبا کو خاص کلاس، علیحدہ اسکول میں تقرر کرنے یا عام تعلیم کے ماحول سے صرف اس وقت خارج کیا جاتا ہے جب معذوری کی شدت یا نوعیت ایسی ہو کہ اضافی امداد اور خدمات کے استعمال کے باوجود تسلی بخش حصولیابی نہ ہو سکے۔ اس لیے کم سے کم پابندی والا ماحول ہر ایک بچے کے لیے مختلف ہے۔

**منتظمی کی ضروریات** اس کا مطلب ہے کہ طالب علم کی ضروریات کی تکمیل کرنے کے لیے مطلوب بالغ کی نگرانی کرنے کی مقدار اور ماحول میں کوئی بھی درکار ترامیم کرنا ہے۔ IEP پر اسکی نشاندہی کرنا لازمی ہے۔

**ترمیمات:** یہ نصاب میں ایک تبدیلی کی وضاحت کرتا ہے۔ جبکہ سہولیات وضع اور طریق کار میں ایسی تبدیلیاں ہیں جو طالب علم کو معذوری کی وجہ سے محدود رہنے کے بجائے دوری طور پر شرکت کرنے کے قابل بنائیں، ترمیمات دشواری کی سطح اور /یا مندرجات کی مقدار دونوں شدید تبلیاں ہیں۔

**ذہنی علاج:** یہ ایک بچے کو اپنانے اور فعالی صلاحیتوں کو برقرار رکھنے، بہتر بنانے یا بحال کرنے میں مدد کرتا ہے بشمول تمام تعلیمی سرگرمیوں میں حرکت کرنے کی بہتر اور منہ کو حرکت دینے کی صلاحیتوں کے۔

**رخ بندی اور حرکت سے متعلقہ خدمات:** ان خدمات کو بچے کی مکانیت اور ماحول کے نظریے کو سمجھنے اور واقفیت اور سفر کرنے کے راستے کو قائم کرنے، برقرار رکھنے اور اس کے دوبارہ حصول کے لیے حسوں (مثلاً آواز، درجہ حرارت، جنبش) کے ذریعے موصول کی جانے والی معلومات استعمال کرنے میں مدد کرنے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔ یہ بصیرت کی معذوری کے حامل کو فراہم کی جاتی ہیں۔

**جسمانی علاج:** یہ بچے کی حرکت کرنے کے فروغ، چلنے پھرنے، توازن اور مختلف ماحول بشمول، لیکن انہی تک محدود نہیں ہے، کلاس روم، جم، بیت الخلا، کھیل کے میدان، سیڑھیوں اور کلاسیں تبدیل کرنے میں ربط دہی پر مشتمل فعالیت کو برقرار رکھنے، بہتر بنانے یا بحال کرنے کی سرگرمیوں کو استعمال کرتا ہے۔

**تجویز:** یہ IEP ٹیم کے اجلاس میں خاص تعلیم پروگرام کی اور خدمات کی سہولیات کو تعین کرنا ہے۔

**دوبارہ تشخیص:** یہ معذوری کے حامل طلبا کے لیے تازہ ترین تشخیص (تشخیصات) دیتی ہیں۔ اس کی درخواست طالب علم کے استاد، والدین، یا اسکولی ضلع کر سکتے ہیں۔ دوبارہ تشخیص کو ایک سال میں ایک سے زیادہ بار نہیں کیا جا سکتا ماسوا اسکول اور اسکول بصورت دیگر متفق ہوں۔

**حوالہ:** یہ تعین کرنے کے لیے آیا طالب علم کو معذوری لاحق ہے اور اس کو خاص تعلیم خدمات مطلوب ہوں گی ایک حوالہ تشخیص اور تقرری کے طریقہ کار کی ابتدا کرتا ہے۔

**متعلقہ خدمات:** ان کے اسکولی پروگرام میں شرکت کرنے میں معاونت اور مدد کرنے کے لیے خدمات معذوری کے حامل طلبا کو فراہم کی جاتی ہیں۔ ان خدمات کی تجویز IEP میں کرنا لازمی ہے اور ان کو ایک فراہم کنندہ کے ذریعے یا تو انفرادی طور پر یا زیادہ سے زیادہ پانچ بچوں کے گروپ میں فراہم کیا جا سکتا ہے۔ متعلقہ خدمات میں ذیل شامل ہو سکتی ہیں: مشاورت، اسکول میں صحتیاتی خدمات، ذہنی علاج، جسمانی علاج، گویائی / لسانی علاج، بصری تعلیم کی خدمات، واقفیت اور حرت کرنے کی خدمات، اور "دیگر معاونتی خدمات۔

**درخواست کردہ جائزہ:** بچے کے IEP کا جائزہ لینے کے لیے IEP ٹیم کے اجلاس کی درخواست کرنا تاکہ یہ تعین کیا جا سکے کہ یہ اس کی ضرورت کی تکمیل کر رہا ہے۔ اس جائزے کی درخواست والدین، ایک استاد یا اسکولی عملے کے دیگر ممبر کے ذریعے کسی بھی وقت کیا جا سکتا ہے۔

**گویائی / لسانی علاج:** یہ خدمات تلفظ یا صوتیات کی صلاحیتوں، فہم، الفاظ کی ترتیب کے استعمال، لسانیت، آواز نکالنا اور روانی کے ساتھ (سماعتی طریق کار کہلائے جانے والے) طریقے سے مدد کرتی ہیں جس میں ایک بچہ آوازوں اور زبان کا فہم حاصل کرتا ہے۔

**بارہ ماہ کے تعلیمی سال کی خدمات (جن کو توسیعی تعلیمی سال کی خدمات کے طورپر بھی جانا جاتا ہے)** بارہ ماہ اسکولی سال کی خدمات کو جولائی اور اگست میں شدید معذوری کے حامل ان طلبا کو فراہم کی جاتی ہیں جن کو ان کی فروغ کی سطوح میں نمایاں کمی ہونے سے اجتناب کرنے کے لیے مسلسل تعلیم مطلوب ہوتی ہے۔ اس کی سفارش IEP ٹیم کے ذریعے کرنا اور اس کی نشان دہی IEP کرنا لازمی ہے، اور پری اسکول طلبا کے لیے، CPSE کو ایسی تجویز کرنے کی وجہ کے ایک بیان کو شامل کرنا لازمی ہے۔ توسیعی سال خدمات کے لیے والدین کو اجازت دینا لازمی ہے۔

**بصری تعلیم کی خدمات:** یہ خدمات بصیری معذوری کے حامل بچے کو تعلیم فراہم کرنے کے لیے تشکیل دی گئی ہیں۔ یہ تعلیمی، سماجی، بصری اور زندگی گذارنے کی صلاحیتوں، حس لمس کے استعمال کے ذریعے تدریس اور معلومات کو سمجھنے، بصری اور سماعت کی حکمت عملیوں کے حصول کے لیے بریل نیمتھ کوڈ، بڑی چھپائی، غیر بصری کم نظر کے آلات کو استعمال کرتے ہیں۔